قاضی اسد نے لاس اینجلس پولیس ڈیپارٹمنٹ کے پہلے مسلم چیپلین کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں

بحثیت فرسٹ مسلم چیپلین، قاضی اسد کی تقرری سے لاس اینجلس کاؤنٹی کی تاریخ میں ایک نیئے اور روشن باب کا اضافہ ہوا ہے

ایل اے پی ڈی کا فیصلہ لائقِ تحسین ہے۔اس سے پولیس ڈیپارٹمنٹ اور مسلم کمیونٹی کے درمیان افہام و تفہیم کی راہیں کھلیں گی

لاس اینجلس کا ظفر نامہ



تصویری رپورٹ:

سید ظفر عباس



چیپلین قاضی اسد، چیف جم میکڈانلڈ کے ہمراہ

جمعہ،۱۲ر جون کی صبح ڈاؤن ٹاؤن ایل اے کے قریب واقع لاس اینجلس پولیس اکیڈیمی کی تاریخی بلڈنگ میں لاس اینجلس کاؤنٹی کی تاریخ کا ایک نیا باب رقم ہوا، جب اسسٹنٹ چیف آف پولیس جم میکڈانلڈ نے ایک خصوصی تقریب میں پاکستانی کمیونٹی کی معروف شخصیت قاضی اسد کو اپنے ڈیپاٹمنٹ کا سب سے پہلا مسلم چیپلین متعیّن کرتے ہوئے پُرجوش تالیوں کی گونج میں انہیں کا غذاتِ تقرری پیش کیئے۔گذشتہ دنوں ایل اے پی ڈی کی مذہبی پروفائیلینگ اور مساجد کی مانیٹرنگ کے متنازع فیصلوں پر مسلم کمیونٹی کے پرزور احتجاج کی وجہ سے پولیس ڈیپارٹمنٹ اور مسلم امریکنز کے درمیان خاصی کشیدگی پیدا ہوئی تھی۔اس تناظر میں ایل اے پی ڈی چیپلین کورپس میں ایک مسلمان چپلین کی تقرری ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے جس سے پولیس ڈیپارٹمنٹ اور مسلم کمیونٹی کے درمیان افہام و تفہیم کی راہیں کھلیں گی اور باہمی تعلقات کو فروغ ملے گا۔اس موقع پر لاس اینجلس پولیس ڈیپارٹمنٹ اور چیپلین کورپس کے اعلیٰ حکام کے علاوہ مسلم، کرسچیئن، یہودی و دیگر مذاہب کی نمائندہ شخصیات بھی موجود تھیں۔۴۷ سالہ قاضی اسد شیرف ایڈوائزری کمیٹی، شیرف کلرجی کونسل اور ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی کی ایڈوائزری پینل کے سینیئر ممبر ہونے کے ساتھ ساتھ اردو مرکز انٹرنیشنل کے ایگزیکٹو وائیس پریذیڈنٹ، الرحمٰن اسلامک سروسز کے پریذیڈنٹ اور کئی دوسرے سماجی، فلاحی اور مذہبی اداروں میں سرگرمِ عمل ہیں۔اپنی تقرری پر لاس اینجلس ٹائمز، چینل فایئو، چینل ٹو، چینل الیون، کے ای بی سی، اردو ٹائمز کے اخباری نمائندوں کو انٹرویو دیتے ہوئے قاضی اسد نے امید ظاہر کی کہ اس مستحسن اقدام کے نتیجے میں چیپلین کورپس و پولیس افسران کو مسلمانوں کی مذہبی، سماجی اور ثقافتی اقدار سے روشناس کرانے میں آسانی ہو گی اور نتیجتاً ایکدوسرے کے نقطۂ نظر کو سمجھنے اور اس کی روشنی میں عادلانہ اور منصفانہ تجزیوں اور فیصلوں کی روایت کو فروغ ملے گا۔اس تقریب کے انعقاد کے دوسرے ہی دن کئی مقامی ٹی وی اسٹیشن اور اخباروں نے اس خبر کو جلی حروف میں چھاپا اور قاضی اسد کی شخصیت اور نمایاں خدمات پر سیر حاصل مضامین لکھے۔لاس اینجلس ٹائمز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے شیرف لیرائے باکا اور حسین آیکوش نے ایل اے پی ڈی کے اقدام کو مستحسن قرار دیتے ہوئے قاضی اسد کو دلی مبارکباد پیش کی۔(خصوصی رپورٹ: سید ظفر عباس، اردو ٹائمز، لاس اینجلس)

QAZI ASAD

Chaplain, LAPD



AWARDS PRESENTED BY:

★ California State Assembly ★ Interrelations and international Federation for World Peace "Ambassador for Peace" award "United Nations"

★ Los Angeles County Sheriff Leroy D. Baca. ★ Kern County Sheriff. ★ Orange County Sheriff. ★ Los Angeles Mayor.

★ Los Angeles City Council. ★ Buena Park City Council. ★ Santa Barbara City Council. ★ Westwood City Council.

★ Many commendations, letters, recognitions, from city official, public officials, congressional representatives etc

ASSOCIATIONS:

★ Advisor to La-County Sheriff. ★ Chaplain Los Angeles Police Department (first Muslin chaplain for the department).

★ Member Advisory to United States Department of Homeland Security. ★ Sheriff Clergy Council- Lynx station.

★ Exe.Vice. President Urdu Markez International ★ President Al-Rehman Islamic Services

★ Chairman Muslim Interfaith Clergy Council of America ★ Licensee-Narconon/ Applied scholastics.